بسم اللہ الرحمن الرحیم

بشریٰ النساء نام رکھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

بچی کا نام بشری النساء رکھنا کیسا؟

جواب

"بشری النساء"کا معنی : "عورتوں کی خوشخبری اوربشارت ہے۔"اس معنی کے لحاظ سے بچی کا نام "بشری النساء"رکھنے میں حرج نہیں ہے۔ البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، صاحبزادیوں، صحابیات رضی اللہ تعالی عنھن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے، کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اوران بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہوگی۔

فیروزاللغات میں ہے"بشری : خوشخبری، بشارت۔"(فیروزاللغات، صفحہ216، فیروزسنز، لاہور)

الفردوس بماثورالخطاب میں ہے"تسموابخیارکم"ترجمہ : اپنے اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثورالخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث : 2328، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

صدرالشریعہ مفتی محمدامجد علی اعظمی رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ لکھتے ہیں : "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یااون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احترازکریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ وتابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہارشریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کیجئے اور دیے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمدآصف عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-4891

تاریخ اجراء : 24شوال المکرم1447ھ/13اپریل2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net